GOVERNMENT OF TAMIL NADU

اُردو

URDU READER

برائے تیسری جماعت

Standard 3

میعاد - 2

Term - 2

Department of School Education

Untouchability is inhuman and a crime

Government of Tamil Nadu

First Edition - 2026

(Published under New Syllabus
in Trimester Pattern)

A call can change your life (24×7 toll free helplines for children below 18 years)

If you are forced into
Child Marriage or Child Labour,
If you are Emotionally,
Physically, Sexually
Harassed or Abused,



If you feel unsafe dial CHILDLINE 1098 Night & Day

Caller details will be kept confidential

If you are feeling Threatened or being
Abused or Harassed –
Emotionally, Physically or Sexually,
If you are feeling unsafe,
If you need guidance for
Examinations or Higher Education



Dial 14417

Caller details will be kept confidential

Price : Rs.

Content Creation

State Council of Educational
Research and Training
© SCERT 2026

Printing & Publishing

Tamil Nadu Textbook and Educational
Services Corporation

Foreword

The early years of childhood are a time of wonder-when curiosity is boundless, imagination is vivid, and every experience becomes a step in the journey of learning. These textbooks for Classes 1 to 3 have been developed to honour this spirit, creating a learning experience that is joyful, meaningful, and engaging.

Developed as part of the **Tamil Nadu State Education Policy-2025**, these books mark a significant step towards strengthening foundational education in the State. The vision and direction provided by the **Hon'ble Minister for School Education** have ensured that the policy's emphasis on child-centred, competency-based, and inclusive learning is meaningfully reflected in these materials.

The leadership of the **Additional Chief Secretary,** School Education has been instrumental in ensuring the integration of 21st-century skills and knowledge, and in shaping the textbooks into engaging story-driven learning experiences.

This is further reflected in a competency-based approach to curriculum and assessment that moves beyond rote learning to foster deep conceptual understanding and meaningful application. The integration of value education to build character, along with life skills, art and motor skill development, enables the holistic development of the child.

The members of the High-Level Curriculum Expert Committee, the Chairperson and the members of the Curriculum Development Committee, have provided constant guidance, shaping and refining these materials through their insights and expertise, alongside the contributions of educators and practitioners acknowledged elsewhere in this book.

At this foundational stage, learning must build strong foundations while supporting the overall development of the child. These textbooks bring together a carefully designed set of features that make learning active, engaging, and meaningful:

- Opportunities for speaking and listening, building confidence in expression
- Activities that strengthen logical thinking and conceptual understanding
- Integrated spaces for reading and writing practice within lessons
- Fine and gross motor skill development through drawing, colouring, tracing, and movement-based tasks
- Simple avenues for independent learning and self-reflection

The books also integrate values and life skills, helping children develop empathy, cooperation, responsibility and confidence.

Learning is guided by a competency-based approach that moves beyond memorisation towards understanding and application. Assessment is embedded within the learning process, making it continuous, meaningful and supportive.

These textbooks are learning companions that invite children to explore, think and express. They represent a shared commitment to enabling every child to learn with joy, grow with confidence, and build a strong foundation for the future-advancing a vision of **"Education reimagined, inclusive, equitable, and future-ready".**

DIRECTOR
State Council of Educational
Research and Training (SCERT)
Tamil Nadu



THE CONSTITUTION OF INDIA

PREAMBLE

WE, THE PEOPLE OF INDIA, having solemnly resolved to constitute India into a **SOVEREIGN SOCIALIST SECULAR DEMOCRATIC REPUBLIC** and to secure to all its citizens:

JUSTICE, social, economic and political;

LIBERTY of thought, expression, belief, faith and worship;

EQUALITY of status and of opportunity;

and to promote among them all

FRATERNITY assuring the dignity of the individual and the unity and integrity of the Nation;

IN OUR CONSTITUENT ASSEMBLY this twenty-sixth day of November, 1949, do **HEREBY ADOPT, ENACT AND GIVE TO OURSELVES THIS CONSTITUTION.**

قومی ترانہ

جن گن من ادھنا یک جئے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب سندھ گجرات مراٹھا
دراوڑ اتکل ونگا
وندھیہ ہماچل یمنا گنگا
اچھل جل دھی ترنگا
توا شبھ نامے جاگے
توا شبھ آشش ماگے
گاہے توا جئے گاتا
جن گن من گل دایک جے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جے ہے جے ہے جے ہے
جے جے جے جے ہے

رابندر ناتھ ٹیگور

مفہوم (اردو میں ترجمہ)

اے قوم کے دلوں کے حاکم، تجھے سلام! تو بھارت کی رہنمائی کرنے والا ہے۔
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، دراوڑ، اڑیسہ اور بنگال، وندھیا اور ہمالیہ کے پہاڑ،
جمنا اور گنگا کے دریا اور سمندر کی لہریں تیری عظمت کا گیت گاتی ہیں۔ تیرا مبارک نام سب کو بیدار کرتا ہے۔
سب تیرے لئے دعائیں مانگتے ہیں اور تیری فتح کی داستانیں گاتے ہیں۔
اے قوم کے رہنما، تجھے سلام! تو بھارت کی رہنمائی کرنے والا ہے۔
فتح تیری ہو، فتح تیری ہو، فتح تیری ہو، ہمیشہ تیری ہی فتح ہو۔



تمل زبان کی عظمت (ترجمہ)

حسینۂ مین، پر جوش سمندر کو اوڑھے ہوئے ہے۔
خطۂ بھارت، اس حسینہ کا دمکتا ہوا چہرہ ہے۔
علاقۂ دکن اس چہرے کی پروقار ہلال نما پیشانی ہے،
جس پر دراوڑ کا مہکتا ہوا تلک لگا ہوا ہے۔
تو ہی اس تلک کی خوشبو ہے، جس سے سارا جہاں لطف اندوز ہو رہا ہے۔
دنیا کا چپہ چپہ تیری مہکتی خوبیوں سے معطر ہو رہا ہے۔ اے قابل فخر دوشیزہ تمل! اے دوشیزہ تمل!
ہم تیری پرشکوہ، سدا بہار جوانی کے جوہر پہ حیراں، بے خودی کے عالم میں تیری عظمت کے گیت گاتے ہیں۔ پائندہ باد!
پائندہ باد! پائندہ باد!

مترجم : سجاد بخاری

پے۔سندرم پلّے منون منیم



قومی یکجہتی کا اقرار

''اقرار کرتا ہوں کہ میں ملک عزیز کو متحد رکھنے، اس کی سالمیت کو برقرار رکھنے اور اسے مضبوط بنانے کی ہر ممکن کوشش کروں گا''۔

''یہ بھی اقرار کرتا ہوں کہ میں تشدد کا کبھی ساتھ نہیں دوں گا، ہر قسم کی مذہبی، لسانی، علاقائی، سیاسی اور اقتصادی اختلافات کو پُر امن اور دستوری طریقہ سے حل کرنے کی کوشش کروں گا''۔

اقرار نامہ

ہندوستان میرا وطن ہے۔ سارے ہندوستانی میرے بھائی بہن ہیں۔ مجھے اپنے وطن سے محبت ہے۔ اور میں اس کے بھرپور اور گوناگوں ورثے پر نازاں ہوں۔ میں ہمیشہ اس کا اہل بننے میں کوشاں رہوں گا۔ میں اپنے ماں باپ، اساتذہ اور بزرگوں کا احترام کروں گا اور ہر ایک سے اخلاق کے ساتھ پیش آؤں گا۔ میں اپنے وطن اور اس کے باشندوں کے لئے جاں نثاری کا اقرار کرتا ہوں۔ انہیں کی خوش حالی اور فراغت میں میری مسرت پوشیدہ ہے۔

حرف آغاز

تیسری جماعت کے دوسری میعاد کی اردو کی نصابی کتاب تملناڈو کی ریاستی تعلیمی پالیسی 2025، کے مطابق تیار کی گئی ہے۔ اس میں اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ طلباء کے اندر سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی تمام تر صلاحیتوں کو بتدریج پروان چڑھایا جائے۔

پہلی جماعت کی نصابی کتاب جو تین میعادوں پر مشتمل ہے، اس میں حروف تہجی کی شناخت، دوحرفی، تین حرفی الفاظ اور سادہ ترین جملوں پر توجہ دی گئی ہے۔

دوسری جماعت کی نصابی کتاب میں حروف کے اعادہ کے ساتھ مشدد الفاظ، دوچشمی ھ والے حروف، واؤ معروف، واؤ مجہول، زبر، زیر اور پیش والے الفاظ اور جزم کے استعمال وغیرہ پر توجہ دی گئی ہے۔

تیسری جماعت میں چھوٹے چھوٹے جملے والے سبق آموز مضامین اور ان کے معنی و مفہوم، ان کی واحد جمع، ان کے اضداد، ان میں پیش آنے والے الفاظ کا جملوں میں استعمال وغیرہ پر توجہ دی گئی ہے۔ حروف کے ہجے نکالنے کے لئے اس بار ''اردو سیکھئے'' کے عنوان سے بعض مشقیں بھی دی گئی ہیں۔ ان میں دوحرفی، تین حرفی، چہار حرفی اور پانچ حرفی والے زبر، زیر، پیش، واؤ معروف، واؤ مجہول سے بننے والے الفاظ پر توجہ دی گئی ہے۔ اس سے تلفظ سیکھنے میں بھی آسانی ہوگی اور طلباء املاء کی غلطیوں سے بھی پاک ہوجائیں گے۔ اگر اساتذہ ان مشقوں کو طلباء تک مناسب طریقے سے لے جائیں گے تو امید ہے کہ طلباء اردو کے کسی بھی لفظ کے ہجے، تلفّظ اور املاء کی غلطیوں سے پاک الفاظ بنا سکتے ہیں، چاہے وہ لفظ کتنا ہی مشکل اور پیچیدہ ہی کیوں نہ ہو۔ اسے انگریزی میں سلیبل کہا جاتا ہے۔ ایک طالب علم اس سلیبل کے طریقے سے کسی بھی مشکل ترین لفظ کے ہجے بہ آسانی معلوم کرسکتا ہے اور اسے لکھ بھی سکتا ہے۔ چنانچہ 'اردو سیکھئے' کے عنوان میں جگہ جگہ لکھنے کی مشقیں بھی دی گئی ہیں، تاکہ طلباء نہ صرف ان الفاظ کو پڑھ سکیں گے اور ان کے ہجے نکال سکیں گے، بلکہ انہیں آسانی کے ساتھ لکھ بھی سکیں گے۔

اساتذہ کرام سے احتراماً عرض ہے کہ 'اردو سیکھئے' کے عنوان سے موجود الفاظ کی تعمیری شکلوں پر غور کریں، جنہیں بتدریج یہاں ہرا کائی کے آخر میں دیا گیا ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ اگر دیگر الفاظ کی مشق بھی کرائی جائے تو سونے پر سہاگہ۔ اس بات کا خاص لحاظ رکھا جائے کہ یہ نصابی کتاب صرف ایک رہ نما کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے علاوہ وہ تمام کارروائیاں جن سے طلباء کے اندر لسانی صلاحیتوں کو فروغ دیا جاسکتا ہے، اگر ان کو استعمال کیا جائے تو ان سب کا خیر مقدم ہے۔

اساتذہ کرام سے قوی امید ہے کہ وہ اس بات پر بھی خصوصی توجہ دیں گے۔ انسان غلطیوں سے مبرا نہیں ہے۔ اگر کوئی بھی غلطی یا اصلاح آموز بات ہو تو ہمیں ان کی اطلاع دیں۔ یہ ہمارے لئے باعث مسرت بات ہوگی۔ مصنفین

فہرست مضامین

اکائی 1	عنوان	صفحہ نمبر
1	نعت	03
2	مولانا ابوالکلام آزاد	10
3	جسم کے اعضاء کے درمیان بات چیت ۔ مکالمہ	18
4	اردو قواعد	26

اکائی 2		
5	سورج	نظم 29
6	جلد بازی کا نقصان	کہانی 35
7	سردی	نظم 43
8	ہماری ریاست - ٹمل ناڈو	48

یادوں کی دنیا

کچھ اپنے بارے میں

السلام علیکم ورحمة اللّٰہ وبرکاتہٗ

میرا نام ..... ہے۔

میں تیسری جماعت میں پڑھتا ہوں۔

مجھے کیا پسند ہے؟

کھیلنا ..... !

پڑھنا ..... !

دوستوں کے ساتھ رہنا۔

مجھے اپنی کلاس میں کیا اچھا لگتا ہے؟

استاد کی بات سننا۔

دوستوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا۔

سب کے ساتھ مل جل کر رہنا۔

میں کیا چاہتا ہوں؟

میری جماعت پاک وصاف ہو۔

میرے ساتھی خوش رہیں۔

سب ایک دوسرے کی مدد کریں۔

میرے احساسات

میں خوش ہوتا ہوں۔

میں کبھی کبھی حیران ہو جاتا ہوں۔

میں کبھی اداس بھی ہوتا ہوں۔

کبھی مجھے ڈر بھی لگتا ہے۔

میں کیا کرتا ہوں؟

میں اپنی بات بتاتا ہوں۔

میں دوسروں کی بات سنتا ہوں۔

میں سب کا احترام کرتا ہوں۔

میری اچھی عادتیں

میں ضرورت مندوں کی مدد کرتا ہوں۔

میں اچھا بننے کی کوشش کرتا ہوں۔

میں سب سے پیار کرتا ہوں۔

میں کیسے سیکھتا ہوں؟

میں غلطی کرتا ہوں۔

پھر سیکھتا ہوں۔

مجھے نئی چیزیں سیکھنا اچھا لگتا ہے۔

میں اپنے میں خاص ہوں۔

مجھ جیسا کوئی نہیں۔

شکریہ!

جن طلباء کو جو پسند ہے، اس پر (✓) نشان لگانے کو کہیں۔

1. نعت

دلوں کے سہارے ہمارے نبیؐ
ہمیں اپنی جاں سے ہیں پیارے نبیؐ
وہ اللہ کے آخری ہیں رسولؐ
سکھائے ہمیں زندگی کے اصول
ہدایت کا رستہ دکھایا ہمیں
برے راستے سے بچایا ہمیں
ہمارے لئے لائے رب کی کتاب
عمل کے لئے جو ہے سب کی کتاب
ہوئے عرش پر رب سے وہ ہم کلام
ہزاروں درود ، ان پہ لاکھوں سلام
خدا سے ہماری یہی ہے دعا
محمدؐ کے رستے پہ ہم کو چلا

(ماخوذ)

استاد نعت کے معنی و مفہوم کو سمجھائے اور اسے اپنے نرالے انداز میں ترنم کے ساتھ طلباء کو سنائے۔ طلباء سن کر اسے پڑھنے کی مشق کریں۔

I۔ الفاظ کے معنی اور اشارے۔

سہارا : مدد ، آسرا

ہدایت : سیدھاراستہ

عمل : کام

کلام : بات چیت

اصول : ضابطہ ، قاعدہ

رب : پروردگار ، پالنے والا

عرش : آسمان

II۔ واحد کی جمع تلاش کر کے جدول میں لکھئے۔

دلوں سہارے نبی اصول عمل کتاب

سہارا انبیاء اصولوں دل کتابیں اعمال

واحد	جمع
سہارا	سہارے

III۔ اضداد کو جوڑیئے۔

زندگی	۔	گمراہی		x
برا	۔	فرش		x
ہدایت	۔	بددعا		x
عرش	۔	موت		x
دعا	۔	اچھا		x

IV۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

1۔ ..... کے سہارے ہمارے نبی

(a) دلوں (b) سر (c) دماغ

2۔ ہمارے لئے لائے رب کی .....

(a) بیگ (b) کتاب (c) نوٹ

3۔..... کے لئے جو ہے سب کی کتاب

(a) امل (b) فعل (c) عمل

4۔ ہوئے ..... پر رب سے وہ ہم کلام

(a) عرش (b) فرش (c) زمین

5۔..... کے رستے پہ ہم کو چلا

(a) موسیٰ ؑ (b) عیسیٰ ؑ (c) محمدؐ

V۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

(ہدایت ، اصول ، آخری ، جاں ، نبی)

1۔ دلوں کے سہارے ہمارے .....

2۔ ہمیں اپنی ..... سے ہیں پیارے نبی

3۔ وہ اللہ کے ..... ہیں رسول

4۔ سکھائے ہمیں زندگی کے .....

5۔ ..... کا رستہ دکھایا ہمیں

VI۔ غیر متعلق الفاظ پر دائرہ لگائیے۔

نبی	رسول	درود	کھلونا	: .....
دعا	سلام	گیند	کتاب	: .....
قرآن	کرسی	ہدایت	راستہ	: .....
بلی	عرش	رحمت	دعا	: .....

VII۔ پہلا حرف بدل کر بامعنی لفظ لکھئے۔

سلام – کلام

عرش –

رحمت –

علم –

کیا تم جانتے ہو ؟

نعت کی تعریف : نعت ایسی نظم کو کہتے ہیں، جس میں ہمارے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کی جائے۔

VIII۔ نعت کے الفاظ کو سن کر لکھئے۔

آیئے لکھیں۔

دل	نبی	رسول	کتاب	کلام	زندگی	لاکھوں

تدریسی سفر

1۔ نعت کے اشعار کو ترنم کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کیجئے۔

- دلوں کے سہارے ہمارے نبیؐ
  ہمیں اپنی جاں سے ہیں پیارے نبیؐ
- ہدایت کا رستہ دکھایا ہمیں
  برے راستے سے بچایا ہمیں
- خدا سے ہماری یہی ہے دعا
  محمدؐ کے رستے پہ ہم کو چلا

تمام طلباء بار بار دوہرائیں تا کہ تمام طلباء آسانی سے سن کر پڑھنے کی مشق کر سکیں۔

2۔ تخلیق کا وقت

نعت کے اشعار کو ایک چارٹ بورڈ میں رنگین پنسلوں سے لکھیں اور اسے کلاس روم میں لٹکائیں۔ اس سے لکھنے کی مہارت بڑھتی ہے۔



رسولؐ کی تعریف میں پڑھی جانے والی نظم کو نعت کہتے ہیں۔

- نعت کو ادب و احترام کے ساتھ پڑھیں۔
- نعت پڑھتے وقت جب نبیؐ کا نام آئے تو صلی اللہ علیہ وسلم کہیں۔
- سیرتؐ سے متعلق کوئی ایک واقعہ اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔

میں نے جو سیکھا



1۔ نعت کو ترنم کے ساتھ پڑھ سکتا ہوں۔ ☐

2۔ سیرتؐ کے واقعات کو پڑھنے کی کوشش کروں گا۔ ☐

3۔ الفاظ کو صحیح تلفّظ کے ساتھ ادا کر سکتا ہوں۔ ☐

سیکھنے کی صلاحیتوں کے مطابق ✓ نشان لگائیں۔
سیکھی ہوئی صلاحیتوں کے مطابق تاروں میں رنگ بھریں۔

بچوں کو سمجھائیں:

اخلاق : ہمیں سچ بولنا اور محبت کرنا سکھاتے ہیں۔

عبادت : ہمیں اللہ سے جوڑنا سکھاتی ہے۔

معاشرت : ہمیں لوگوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا سکھاتی ہے۔

مہمانوں کے ساتھ سلوک

ہمارے پیارے نبیؐ نے ہمیں مہمانوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا ہے۔

گھر میں آنے والے مہمانوں کے ساتھ خوشی سے ملیں۔

ان کا ادب اور احترام کریں۔

انہیں اچھا کھلائیں اور انہیں تحفے پیش کریں۔

اچھے اخلاق و عادات

☆ بدتمیزی بری عادت ہے۔

☆ بڑوں کی بات ماننا اچھی عادت ہے۔

☆ نرم لہجہ اختیار کرنا بزرگوں کا طریقہ ہے۔

تفریحی پروگرام منعقد کریں۔

خوشی منائیں۔

انبیاءؑ کے قصے سنائیں۔

کوئز مقابلہ منعقد کریں۔

اچھے اور صحت مند کھیل کھیلیں۔

نعت کے مقابلہ کا انعقاد کریں۔

ذیل کے مضمون کو غور سے پڑھئے اور سوالوں کے جواب دیجئے۔

عید کا دن تھا۔ احمد اور حامد کے گھر مہمان آئے تھے۔ احمد نے مہمانوں کو خوشی سے سلام کیا۔ امی نے بچوں کو پیار کیا اور بڑوں کو خوش آمدید کہا اور ان کی مہمان نوازی کی، لیکن حامد گھر سے باہر کھیل میں لگا رہا۔

امی نے پیار سے کہا۔ ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ہمیں سکھایا کہ مہمانوں کی عزت کریں اور بڑوں کا ادب کریں۔

یہ سن کر حامد کو اپنی غلطی کا احساس ہوا، معافی مانگی اور گھر کے اندر آ کر سب کو سلام کیا۔ آخر میں سب نے مل جل کر کھانا کھایا۔

''اے اللہ ! ہمیں مہمانوں کی عزت اور احترام کرنے کی توفیق عطا فرما۔''



احمد اور حامد کے گھر کون آئے تھے؟ تاجر ☐ مہمان ☐

ہمیں مہمانوں کا احترام کرنا چاہئے۔ صحیح ☐ غلط ☐

اس مضمون میں سے دو حرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ چن کر لکھئے۔

تین حرفی الفاظ

دو حرفی الفاظ

چار حرفی الفاظ

2۔ مولانا ابوالکلام آزاد



مولانا ابوالکلام آزاد ایک عظیم رہنما تھے۔

وہ مکہ شہر میں پیدا ہوئے۔

بچپن ہی سے انہیں پڑھنے لکھنے کا بہت شوق تھا۔ وہ نہایت ذہین تھے اور ہر بات جلدی سے سیکھ لیتے تھے۔



انہیں اپنے پیارے ملک ہندوستان سے بے حد محبت تھی۔ ملک کو آزاد کرانے میں انہوں نے خوب جدوجہد کی۔ اس راہ میں انہیں کئی بار جیل بھی جانا پڑا۔



مولانا آزاد ہندو اور مسلمان سب کو مل جل کر رہنے کا سبق سکھاتے تھے۔ آزادی کے بعد وہ ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم بنے۔ انہوں نے بہت سے اسکول اور کالج قائم کئے، تاکہ ہر بچہ تعلیم حاصل کر سکے۔



ان کی سال گرہ ہر سال 11 رنومبر کو منائی جاتی ہے۔ اس دن کو، ان کی یاد میں پورے ملک میں ''قومی تعلیم کا دن'' منایا جاتا ہے۔

بچو! ہمیں چاہئے کہ ہم بھی مولانا ابوالکلام آزاد کی طرح خوب محنت کریں اور اپنے ملک کا نام روشن کریں۔

I۔ الفاظ کے معنی اور اشارے۔

عظیم : بڑے　　رہنما : لیڈر

ذہین : سمجھدار　　جدوجہد : کوشش

راہ : راستہ　　گہرا : بہت زیادہ

II۔ واحد جمع

بات + باتیں　　کالج + کالجوں

اسکول + اسکولوں　　گہرا + گہرے

بچہ + بچے　　علم + علوم

III۔ اضداد

آزاد × غلام　　محبت × نفرت

بچپن × جوانی　　پہلا × آخری

علم × جہالت　　ذہین × کم عقل

محنت × سستی　　بہت × کم

انسان × حیوان　　دوست × دشمن

IV۔ جوڑ ملایئے۔

1۔ مولانا آزاد پیدا ہوئے　　- 11/ نومبر

2۔ وہ بچپن ہی سے　　- اسکول اور کالج

3۔ وہ ہندوستان کے　　- مکہ مکرمہ میں۔

4۔ مولانا آزاد کا جنم دن　　- پہلے وزیر تعلیم تھے۔

5۔ آزاد نے قائم کئے　　- بہت ذہین تھے۔

V۔ صحیح اور غلط کی پہچان کیجئے۔

1۔ مولانا آزاد کو پڑھنے اور لکھنے کا شوق نہیں تھا۔ ( )

2۔ وہ ہندو اور مسلمانوں کو مل جل کر رہنے کا سبق پڑھاتے تھے۔ ( )

3۔ آزادی کی راہ میں مولانا آزاد کو جیل بھی جانا پڑا۔ ( )

4۔ وہ ہمارے پڑوسی ملک کے پہلے وزیر تعلیم تھے۔ ( )

VI۔ نیچے دئے گئے حروف سے شروع ہونے والے الفاظ سبق میں سے چن کر لکھئے۔

1۔ حرف ''ع'' سے شروع ہونے والے الفاظ سبق میں سے چن کر لکھیں۔ (مثال : عظیم)

....

2۔ حرف '' م '' سے شروع ہونے والے الفاظ سبق میں سے چن کر لکھیں۔ (مثال : محنت)

....

3۔2۔ حرف '' ج '' سے شروع ہونے والے الفاظ سبق میں سے چن کر لکھیں۔(مثال : جیل)

....

4۔ حرف '' ت '' سے شروع ہونے والے الفاظ سبق میں سے چن کر لکھیں۔ (مثال : تعلیم)

....

آیئے لکھیں۔

آزاد	اسکول	کالج	تعلیم	بچپن	وزیر	ہندوستان

VII۔ کھیل : سبق سے لفظی انتاکشری

اصول : تمام الفاظ اسی سبق سے ہونے چاہئیں جو آپ نے ابھی اوپر پڑھا ہے۔

پہلا لفظ : مولانا (آخر میں ا)

اگلا لفظ : آزاد (آخر میں د)

اگلا لفظ : دن (آخر میں ن)

اگلا لفظ : نام (آخر میں م)

اگلا لفظ : محنت (آخر میں ت)

اگلا لفظ : مکہ (آخر میں ہ)

VIII۔ حروف جوڑ کر لفظ بنائیے۔

خ + و + ش =

س + ب + ق =

م + ح + ن + ت =

ر + ہ + ن + م + ا =

عملی مشق :

اپنے بارے میں

میرا نام ..... ہے۔

میں ..... جماعت میں پڑھتا / پڑھتی ہوں۔

میں اپنے ملک کا نام ..... کروں گا / کروں گی۔

سوچئے اور لکھئے :

1۔ اگر آپ وزیر تعلیم ہوتے تو بچوں کے لئے کیا کرتے ؟

.....

2۔ آپ بڑے ہوکر اپنے ملک کا نام کیسے روشن کریں گے؟

.....

3۔ یوم تعلیم کا کارڈ :

11/ نومبر کو ''قومی تعلیم کا دن'' (National Education Day) منایا جاتا ہے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ایک خوب صورت کارڈ بنائیں، جس پر تعلیم کی اہمیت کے بارے میں کوئی ایک جملہ یا مولانا آزاد کا کوئی قول لکھیں۔

.....

عبارت فہمی :

سلمان ایک ذہین اور محنتی طالب علم ہے۔ اس نے ایک بار خواب دیکھا کہ وہ خوب دل لگا کر پڑھائی کر کے اعلیٰ ڈگری حاصل کر چکا ہے۔ اپنی محنت کی بدولت وہ ایک پولیس افسر بن جاتا ہے۔ بطورِ افسر وہ اپنی ذمہ داری نہایت ایمان داری سے ادا کرتا ہے اور لوگوں کے جان و مال کی حفاظت کرتا ہے۔

سوالات:

1۔ طالب علم کا نام کیا ہے ؟ .....

2۔ سلمان نے کیا دیکھا ؟ .....

3۔ سلمان نے کیا حاصل کیا ؟ .....

4۔ سلمان کیا بننا چاہتا ہے ؟ .....

5۔ سلمان کس کی حفاظت کرتا ہے ؟ .....

آیئے اُردو سیکھیں!

اُردو زبان کے الفاظ سیکھنے کے پہلے لفظوں کی بناوٹ کا طریقہ معلوم کرنا بہت ضروری ہے۔ ہر لفظ ایک خاص وزن پر بنا ہوا ہوتا ہے اور یہ اوزان حسابی ضابطے کے طور پر کام کرتے ہیں۔ ایک ہی وزن کے چند الفاظ اچھی طرح سیکھ لینے سے ہم اسی قسم کے کئی الفاظ آسانی سے پڑھ سکتے ہیں۔ حروف کی تعداد چار یا پانچ ہو تو ایک ایک وزن میں کئی الفاظ آسکتے ہیں، یعنی الفاظ کی بناوٹ سیکھنے کے اس طریقے سے کئی حروف والے الفاظ کو آسانی سے پڑھا جا سکتا ہے۔

پانچ حروف والے دو حرکی الفاظ

ایک حرفی + چار حرفی الفاظ : پانچ حرفی دو حرکی الفاظ

ہجے کرنے کا طریقہ : پہلے حرف کو الگ ادا کریں۔ پھر چار حروف ملا کر ایک ساتھ پڑھیں۔
آخر میں دونوں اجزاء کو ملا کر پانچ حروف والے لفظ کو دو حرکتوں میں مکمل پڑھیں۔

چھ لانگ	پھ لانگ	ص لوٰۃ	ز کوٰۃ	ح یوٰۃ
چھلانگ	پھلانگ	صلوٰۃ	زکوٰۃ	حیوٰۃ

چار حروف والے سہ حرکی الفاظ

ایک حرفی + ایک حرفی + دو حرفی : چہار حرفی، سہ حرکی الفاظ

ہجے کرنے کا طریقہ : پہلے حرف کو الگ ادا کریں۔ اس کے بعد دوسرے حرف کو الگ ادا کریں۔ پھر دو حروف الگ ادا کریں۔ آخر میں تینوں اجزاء کو ملا کر چار حروف والے لفظ کو تین حرکتوں میں مکمل پڑھیں۔

ج م عہ	ع ق بہ	ک ل مہ	ص د قہ	ع ر فہ	ن گ ری	ع ر بی
جُمعَہ	عَقبہ	کَلِمَہ	صَدَقہ	عَرَفہ	نَگَری	عَرَبی
ع ج می	ا د بی	ب ص ری	ن ب وی	س ل فی	ا ب دی	ب د ری
عجمی	ادبی	بصری	نبوی	سلفی	ابدی	بدری

ایک حرفی + دوحرفی + دوحرفی : پانچ حرفی، سہ حرکی الفاظ

ہجے کرنے کا طریقہ : پہلے حرف کو الگ ادا کریں۔اس کے بعد کے دوحروف کو الگ ادا کریں۔ پھر آخری دوحروف الگ ادا کریں۔ آخر میں تینوں اجزاء کو ملا کر پانچ حروف والے لفظ کو تین حرکتوں میں مکمل پڑھیں۔

سَ مَن دَر	سِ کَن دَر	سُ خَن وَر	پَ یَم بَر	سِ تَم گَر	نَ وَم بَر	مُ تَر جُم
سمندر	سکندر	سخنور	پیمبر	ستمگر	نومبر	مترجم
ف رِش تہ	د رن دہ	پ تن گا	ت رن گا	ا کڑ نا	ا چھل نا	کھ لو نا
فرشتہ	درندہ	پتنگا	ترنگا	اکڑنا	اچھلنا	کھلونا
م دا وا	ب تا نا	س تا نا	ن بھا نا	کھ لانا	بھ رو سہ	ک رے لا
مداوا	بتانا	ستانا	نبھانا	کھلانا	بھروسہ	کریلا
ح وے لی	پ ڑو سی	ف سا دی	ن ما زی	ج وا نی	ر یا ضی	ک ڑھائی
حویلی	پڑوسی	فسادی	نمازی	جوانی	ریاضی	کڑھائی
ج می لہ	رحی مہ	ن وی دہ	ح بی بہ	ل طی فہ	ط ری قہ	پ سی نہ
جمیلہ	رحیمہ	نویدہ	حبیبہ	لطیفہ	طریقہ	پسینہ

آیئے لکھیں۔

سمندر	نومبر	فرشتہ	کھلونا	بھروسہ	نمازی	طریقہ
سمندر	نومبر	فرشتہ	کھلونا	بھروسہ	نمازی	طریقہ

ترنگے جھنڈے کی تصویر چھڑایئے۔





3۔ جسم کے اعضاء کے درمیان بات چیت ۔ مکالمہ

منظر : رات کا وقت ہے۔انسان سو رہا ہے۔مگر جسم کے اندر اعضاء کے درمیان زبردست گرما گرم بحث چھڑ گئی ہے۔



دماغ : (فخر سے کہتا ہے)

دیکھو بھائیو! بحث کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، میں اس جسم کا بادشاہ ہوں۔ اگر میں حکم نہ دوں تو نہ ہاتھ ہل سکتے ہیں اور نہ ہی پاؤں۔ میں سوچتا ہوں، میں ہی فیصلے کرتا ہوں، ''میں نہیں تو تم بھی نہیں۔''



دل : (دھڑکتے ہوئے کہتا ہے)

''مانا کہ تم اس جسم کے بادشاہ ہو دماغ میاں! لیکن یہ مت کہو کہ سب کچھ تم ہی سے ہے۔ اگر میں دھڑکنا بند کردوں اور خون کی روانی رُک جائے تو تمہاری حکومت بھی ختم ہو جائے گی۔ میں زندگی کی علامت ہوں۔ جب تک میں چلتا رہوں گا، تم سب کام کرتے رہو گے۔''



معدہ : (غصے سے گرج کر)

بس کرو تم دونوں کی باتیں! ذرا سوچو! اگر میں خوراک کو ہضم نہ کروں تو خون کہاں سے بنے گا؟ اگر میں کام کرنا بند کردوں تو دماغ کو چکر آنے لگیں گے اور دل بھی کمزور پڑ جائے گا۔ اصل طاقت تو میں ہی فراہم کرتا ہوں۔



ہاتھ : (درمیان میں بولتے ہوئے)

باتیں کرنا تو بہت آسان ہے۔ یہ بھی سوچو کہ اگر میں کھانا اٹھا کر منہ تک نہ لے جاؤں تو معدہ اپنا کام کیسے کرے گا؟ اور اگر میں مشکل وقت میں حفاظت نہ کروں تو جسم کو چوٹ لگ سکتی ہے۔ میں محنت کرتا ہوں۔ میری وجہ سے سب کو رزق ملتا ہے۔



پاؤں : (دھیمی آواز میں)

'' سچ تو یہ ہے کہ میں تم سب کو اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتا ہوں۔ میری محنت کے بغیر تم سب ایک ہی جگہ رہ جاؤ گے۔''

اچانک جسم کے اندر سے روح کی آواز گونجتی ہے۔

''میرے پیارے ساتھیو! تم میں سے کوئی بھی ایک دوسرے سے بڑھ کر نہیں ہے، تم سب ایک زنجیر کی کڑیوں کی طرح ہو۔ اگر اس کی ایک کڑی بھی ٹوٹ جائے تو پوری زنجیر بے کار ہو جاتی ہے۔ تمہاری اصل طاقت مل جل کر رہنے میں ہے۔ تم الگ الگ کچھ بھی نہیں، لیکن تم سب ایک ساتھ مل کر انسان کہلاتے ہو''۔

یہ سن کر تمام اعضاء خاموش ہو جاتے ہیں۔ انہیں احساس ہو جاتا ہے کہ زندگی گزارنے کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنا ہے۔ وہ سب مل جل کر ہنسی خوشی اپنے اپنے کام کرنے لگ گئے۔

I۔ الفاظ کے معنی اور اشارے۔

منظر	=	دکھائی دینے والا حال۔سین	اعضاء	=	جسم کے حصے
بحث	=	تکرار / بات چیت	روانی	=	بہاؤ / چلتے رہنا
حکومت	=	راج / سلطنت	علامت	=	نشانی
ہڑتال	=	کام بند کر دینا	دماغ کا چکرانا	=	سر گھومنا
فراہم کرنا	=	دینا / مہیا کرنا	چوٹ	=	زخم
زنجیر	=	لوہے کی کڑیوں والی چین	کڑیاں	=	زنجیر کے الگ الگ حلقے
بقاء	=	زندہ رہنا	ہم آہنگی	=	اتفاق / مل جل کر کام کرنا۔

II۔ قوسین میں واحد کی جمع دیے گئے ہیں چن کر لکھیے۔

(ہاتھوں ، زنجیریں ، کڑیاں ، اعضاء ، انسانوں ، آوازیں)

انسان + ... عضو + ...

ہاتھ + ... آواز + ...

کڑی + ... زنجیر + ...

III۔ الفاظ کے اضداد قوسین میں دیے گئے ہیں چن کر لکھیے۔

(بدصورتی ، نقصان ، موت ، کمزوری ، ختم ، اختلاف)

زندگی × ..... طاقت × .....

شروع × ..... خوبصورتی × .....

فائدہ × ..... اتفاق × .....

IV۔ حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیے۔

د + ل

ر + و + ح

پ + ا + ء + و + ں

د + م + ا + غ

آ + ن + ک + ھ

V۔ الفاظ کو الگ کر کے لکھیے۔

1۔ شور ....

2۔ ہاتھ ....

3۔ نقصان ....

4۔ اختلاف ....

VI۔ ذیل کے سوالوں کے جوابات لکھئے۔

1۔ اس مکالمے میں کون کون سے اعضاء آپس میں باتیں کررہے ہیں ؟

.....

2۔ دماغ اپنے آپ کو کیا کہتا ہے ؟

.....

3۔ دل اپنی اہمیت کیسے بیان کرتا ہے ؟

.....

4۔ روح نے کیا پیغام دیا ؟

.....

5۔ اس سبق سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟

.....

VII۔ عبارت فہمی :

میرا نام عادل ہے۔ میں تیسری جماعت میں پڑھتا ہوں۔ میں اپنا کام خود کرتا ہوں۔
میں صبح سویرے اٹھتا ہوں اور اسکول پیدل جاتا ہوں۔ میں سبق کو غور سے پڑھتا ہوں۔

سوالات :

1۔ لڑکے کا نام کیا ہے؟ جواب : .....

2۔ عادل کس جماعت میں پڑھتا ہے؟ جواب : .....

3۔ عادل کب اٹھتا ہے؟ جواب : .....

4۔ عادل اسکول کیسے جاتا ہے؟ جواب : .....

5۔ عادل سبق کیسے پڑھتا ہے؟ جواب : .....

VIII۔ پہلے حرف کو بدل کر کوئی اور حرف لگا کر نیا لفظ بنائیے۔

1۔ دل جواب : .....

2۔ ہاتھ جواب : .....

3۔ پاؤں جواب : .....

4۔ بات جواب : .....

5۔ کام جواب : .....

IX۔ سبق پڑھئے اور ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ لکھئے۔

”ے“ سے ختم ہونے والے	”و“ سے ختم ہونے والے	”ی“ سے ختم ہونے والے

X۔ تم الگ الگ کچھ بھی نہیں، لیکن تم سب ایک ساتھ مل کر انسان کہلاتے ہو۔

اس جملہ میں سے دو حرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ چن کر لکھئے۔



مذکر اور مؤنث کی پہچان

کیا تم جانتے ہو ؟

مذکر اور مؤنث کی پہچان کو **جنس** کہتے ہیں۔

مذکر : **مرد** یا **نر** کو کہتے ہیں۔ جیسے لڑکا، بیل۔

مؤنث : **مادہ** کو کہتے ہیں۔ جیسے : لڑکی، گائے۔

جنس **جان دار** اور **غیر جان دار** دونوں میں ہوتی ہے۔

XI۔ الفاظ تلاش کیجئے اور آزمایئے۔

مرحلہ (1) کہانی پڑھیں گے۔

سب سے پہلے استاد پوری کہانی بچوں کو پڑھ کر سنائیں گے یا بچے خود پڑھیں گے۔

مرحلہ (2) پسندیدہ الفاظ لکھیں گے۔

ہر بچہ کہانی میں سے اپنے پسند کے الفاظ منتخب کرے گا اور اپنی کاپی میں لکھے گا۔

XII۔ اخلاقی سبق سیکھیں گے۔

کردار ادا کریں۔

بچے گروپ بنا کر کہانی کے کردار ادا کریں۔

ایک بچہ نیک آدمی بنے۔

چند بچے غریب بنیں۔

پھلوں کو تقسیم کرنے کا رول دا کریں۔

فائدہ :

اس سے بچے کہانی کو عملی طور پر سمجھ سکیں گے۔

آیئے اُردو سیکھیں!

ایک حرفی + دوحرفی + دوحرفی : پانچ حرفی، سہ حرکی الفاظ

م جا ور	م را حل	م دا رس	م خا لف	ح کا یت	ح فا ظت	ا ما مت
مجاور	مراحل	مدارس	مخالف	حکایت	حفاظت	امامت
س یا ست	ت لا وت	اچا نک	ق یا مت	ا جا زت	ش را رت	م لا مت
سیاست	تلاوت	اچانک	قیامت	اجازت	شرارت	ملامت
ر طو بت	س ہو لت	ض رو رت	م نا زل	م ما ثل	ت سل سل	م دا ئن
رطوبت	سہولت	ضرورت	منازل	مماثل	تسلسل	مدائن

پانچ حروف والے تشدید والے الفاظ

ا خو وت	ن بو وت	م حم مد	م حب بت	م جس سم	م فس سر	م نو ور
اخوّت	نبوّت	محمّد	محبّت	مجسّم	مفسّر	منوّر
م قر رر	م قر رب	ت کب بر	م عل لم	م ون نث	م ثل لث	م رک کب
مقرّر	مقرّب	تکبّر	معلّم	مؤنّث	مثلّث	مرکّب
ت جل لی	ت سل لی	ت رق قی	ر قی یہ	م نق قیٰ	م صف فیٰ	م حل لہ
تجلّی	تسلّی	ترقّی	رقیّہ	منقّیٰ	مصفّیٰ	محلّہ

آیئے لکھیں۔

دوحرفی + ایک حرفی + دوحرفی : پانچ حرفی تین حرکی الفاظ

ہجے کرنے کا طریقہ : پہلے دوحروف کو الگ ادا کریں۔اس کے بعد کے ایک حرف کو الگ ادا کریں۔ پھر آخری دوحروف الگ ادا کریں۔ آخر میں تینوں اجزاء کو ملا کر پانچ حروف والے لفظ کو تین حرکتوں میں مکمل پڑھیں۔

سن ت را	اب ت دا	ال ت جا	مب ت دا	ڈگ م گا	مس ء لہ	سل س لہ
سنترا	ابتدا	التجا	مبتدا	ڈگمگا	مسئلہ	سلسلہ
مد ر سہ	تج زیہ	مش غ لہ	مع ج زہ	مق ب رہ	ول و لہ	زل ز لہ
مدرسہ	تجزیہ	مشغلہ	معجزہ	مقبرہ	ولولہ	زلزلہ
بل ب لہ	گن گ نا	مر ح با	ما ہ رہ	شاع رہ	کات بہ	سا ء رہ
بلبلہ	گنگنا	مرحبا	ماہرہ	شاعرہ	کاتبہ	سائرہ
اش ر فی	اس ت ری	مش ر قی	جو ہ ری	کے ر لا	شہ ر یت	اہ م یت
اشرفی	استری	مشرقی	جوہری	کیرلا	شہریت	اہمیت
منت خب	منت ظر	در ب در	مج ت ہد	من گھ ڑت	مس ت حق	ان ج من
منتخب	منتظر	دربدر	مجتہد	منگھڑت	مستحق	انجمن
مع ذ رت	مع رفت	مت ت حد	مط ط لب	مد د عا	من ت ہیٰ	مص ط فیٰ
معذرت	معرفت	متحد	مطلب	مدّعا	منتہیٰ	مصطفیٰ

آیئے لکھیں۔

ابتدا	سلسلہ	مشغلہ	گنگنا	اہمیت	انجمن	مصطفیٰ
ابتدا	سلسلہ	مشغلہ	گنگنا	اہمیت	انجمن	مصطفیٰ

4۔ اردو قواعد

اسم

اسم : کسی شخص کا نام یا جگہ یا چیز کو اسم کہتے ہیں۔

تصویر دیکھئے اور نام بتایئے۔

انسانوں، پرندوں، جانوروں، پھلوں، پھولوں اور ترکاریوں کے نام (جان دار اشیاء)










جگہ اور مقامات کے نام







چیزوں کے نام (غیر جان دار اشیاء)






بچوں کو اسم سکھانے کا بہترین طریقہ کھیل کے ساتھ ساتھ تصویریں، جیسے انسان، جانور، جگہ، چیز کا استعمال کریں۔

اسموں کو جوڑ ملایئے۔



















انسانوں، پرندوں، جانوروں، پھلوں،
پھولوں اور ترکاریوں کے نام (جان دار اشیاء)

جگہ اور مقامات کے نام

چیزوں کے نام
(غیر جان دار اشیاء)



اپنی من پسند یدتصویر چھڑایئے۔



اکائی (2)

5. سورج

نظم

سورج آگ کا گولہ ہے
دھرتی کا وہ شعلہ ہے

مشرق سے وہ نکلتا ہے
مغرب میں وہ چھپتا ہے

قدرت کا وہ تحفہ ہے
گرمی اس کا پیشہ ہے

ہرسو، اس سے اجالا ہے
اس کا کھیل نرالا ہے

سورج ایک ستارہ ہے
رب نے اس کو بنایا ہے

ایسے ہزاروں ستارے ہیں
کتنے خوب نظارے ہیں

(تاجؔ ترپاتوری)

I۔ الفاظ کے معنی اور اشارے۔

دھرتی = زمین　　شعلہ = آگ

قدرت = طاقت　　پیشہ = کام

نظارے = دلکش منظر

II۔ واحد کی جمع چن کر لکھئے۔

(نظارے　پیشے　شعلے　تحفے)

نظارہ + ...　　شعلہ + ...

تحفہ + ...　　پیشہ + ...

III۔ اضداد کو پہچان کر لکھئے۔

(چاند ، رات ، سردی ، مغرب)

سورج × .....　　دن × .....

گرمی × .....　　مشرق × .....

IV۔ حرفوں کو ملا کر لکھئے۔

ق د ر ت .....

م غ ر ب .....

ش ع ل ہ .....

گ ر م ی .....

V۔ الفاظ کو الگ کر کے لکھئے۔

مشرق : ....

سورج : ....

دنیا : ....

نرالا : ....

VI۔ ان اشعار کو مناسب لفظوں سے مکمل کیجئے۔

(گولہ ، شعلہ ، تحفہ ، پیشہ ، نرالا)

سورج آگ کا ..... ہے۔ دھرتی کا وہ ..... ہے۔

قدرت کا وہ ..... ہے۔ گرمی اس کا ..... ہے۔

کھیل اس کا ..... ہے۔

VII۔ پڑھئے، سوچئے، سمجھئے اور بتایئے۔

1۔ سورج کیا ہے ؟

جواب : .....

2۔ سورج کہاں سے نکلتا ہے ؟

جواب : .....

3۔ آسمان پر دن میں کیا دکھائی دیتا ہے ؟

جواب : .....

4۔ قدرت کا تحفہ کون سا ہے ؟

جواب : .....

5۔ رب نے کس کو بنایا ہے ؟

جواب : .....

VIII۔ نظم ’’ سورج ‘‘ سے اپنے پسندیدہ الفاظ چن کر لکھئے۔

1	6
2	7
3	8
4	9
5	10

IX ۔ آپ کی پسندیدہ سرگرمی کیا ہے؟

پڑھنا :

وقت صبح کے ..... بجے

کھیلنا :

وقت شام کے ..... بجے

سونا :

وقت رات کے ..... بجے

X۔ درست یا غلط کی نشان دہی کریں۔

1۔ سورج مغرب سے نکلتا ہے۔ ( )

2۔ سورج روشنی اور گرمی دیتا ہے۔ ( )

3۔ سورج کو نظم میں ستارہ کہا گیا ہے۔ ( )

4۔ سورج رات کے وقت آسمان میں چمکتا ہے۔ ( )

5۔ سورج قدرت کا ایک تحفہ ہے۔ ( )

XI ۔ ایسے دو حرفی الفاظ لکھئے، جس کے آخر میں ے ہے۔

1۔ .....

2۔ .....

3۔ .....

عملی کام : سورج کی تصویر بنایئے اور اس میں رنگ بھریئے۔

تدریسی سفر

1۔ نظم میں سے چند اشعار پڑھیے۔

- سورج آگ کا گولہ ہے
  دھرتی کا وہ شعلہ ہے
- سورج ایک ستارہ ہے
  رب نے اس کو بنایا ہے

بار بار دوہرانے سے نئے الفاظ کو پڑھنے میں آسانی ہوگی۔

2۔ تخلیق کا وقت



- سورج کی اہمیت کو سمجھنا۔
- سورج کی تصویر بنانا۔
- سورج سے متعلق چند جملے کہنا۔

اس طرح کرنے سے بولنے کی صلاحیت پیدا ہوگی۔

میں نے جو سیکھا



1۔ نظم سے نئے الفاظ کو سمجھنا ☐

2۔ ہم آواز الفاظ کی شناخت کرنا ☐

3۔ نظم کے الفاظ کو ترنم کے ساتھ پڑھنا ☐

اب تک جو سیکھا ہے، ان پر ✓ نشان لگائیے۔ اس کے مطابق تاروں میں رنگ بھریئے۔

اپنے بارے میں

I۔ اپنے تعلق سے

میرا نام سلیم ہے۔

میں تیسری جماعت میں پڑھتا ہوں۔

مجھے سبق کو سمجھ کر پڑھنا بہت اچھا لگتا ہے۔

مجھے سائنس بہت پسند ہے۔

میں ہر چیز کو اچھی طرح سمجھنا چاہتا ہوں۔

میں روزانہ اپنے استاد سے سائنس کے بارے میں سوال پوچھتا ہوں۔

میں ایک سائنس دان بننا چاہتا ہوں۔

مجھے نئی چیزیں بنانا پسند ہے۔

میں اپنی چیزوں کے ذریعہ لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہوں۔

اب آپ اپنے بارے میں لکھیں۔

(جوابات : سلمان ، تیسری ، سمجھ کر ، اُردو ، سمجھنا ، سائنس ، پائلٹ، ہوائی جہاز، دوسری)

میرا نام ..... ہے۔

میں ..... جماعت میں پڑھتا ہوں۔

مجھے سبق کو ..... پڑھنا بہت اچھا لگتا ہے۔

مجھے ..... پڑھنا بہت پسند ہے۔

میں ہر چیز کو اچھی طرح ..... چاہتا ہوں۔

میں روزانہ اپنے استاد سے ..... کے بارے میں سوال پوچھتا ہوں۔

میں ایک ..... بننا چاہتا ہوں۔

مجھے ..... اڑانا پسند ہے۔

میں لوگوں کو ایک جگہ سے ..... جگہ محفوظ طریقے سے پہنچانا چاہتا ہوں۔

6. جلد بازی کا نقصان کہانی





ایک بہت بڑا اور ہرا بھرا درخت تھا۔ اس درخت کی شاخ پر ایک چڑیا نے ایک گھونسلہ بنایا تھا۔ اس گھونسلے میں ایک ننھا سا چڑیا کا بچہ رہتا تھا، جس کا نام ٹویٹی تھا۔



ٹویٹی بڑا شرارتی تھا۔ اپنی ماں کو بہت تنگ کرتا تھا۔ بار بار پوچھتا۔

''امّی جان! میں کب اڑوں گا؟ .....

میں کب اڑوں گا ؟ ..... ''

ایک دن ٹویٹی کی ماں باہر گئی تھی اور وہ گھونسلہ میں اکیلا تھا، اس نے سوچا۔



'' آج تو میں خود ہی اڑ کر دکھاؤں گا!''

اس نے اپنے ننھّے منّے پر پھیلائے اور گھونسلہ سے چھلانگ لگا دی۔

مگر ہائے افسوس! وہ اڑ نہ سکا اور نیچے گھاس کے اوپر گر گیا۔



درخت کے نیچے ایک بلّی نے اسے دیکھ لیا اور بولی۔

'' واہ ! آج تو کھانا خود بخود چل کر آیا ہے!''

یہ سن کر ٹویٹی ڈر کے مارے کانپنے لگا اور چلّانے لگا ''بچاؤ ! بچاؤ !''



اتنے میں وسیم وہاں آ پہنچا۔ اس نے فوراً بلّی کو وہاں سے بھگایا اور ٹویٹی کو اٹھا لیا ، لیکن گھونسلہ تک نہ پہنچ سکا۔

آخر وہ ہمت کر کے درخت پر چڑھ گیا اور ٹویٹی کو احتیاط سے اس کے گھونسلے میں پہنچا دیا۔



تھوڑی دیر بعد ٹویٹی کی ماں آئی ، تو ٹویٹی شرمندہ ہو کر بولا :

امّی ! آج تو میں اڑنے کے بجائے گرنے کی مشق (پریکٹس) کر بیٹھا !

ماں ہنسنے لگی اور بولی۔

''پہلے تم مضبوط بن جاؤ، پھر اڑنا سیکھو! ''

سبق : جلد بازی کرنے سے ہمیشہ نقصان ہوتا ہے۔

I۔ الفاظ کے معنی اور اشارے۔

شرارتی : تنگ کرنے والا

تھرتھرانا : کانپنا

چالاک : ہوشیار

II۔ واحد کی جمع چن کر لکھئے۔

(اکیلے ، بلّیاں ، گھونسلے ، شاخیں)

شاخ + ... گھونسلا + ...

بلّی + ... اکیلا + ...

III۔ اضداد پہچان کر لکھیں۔

(احتیاط ، اونچا ، نرم ، چالاک)

بےوقوف × ..... سخت × .....

نچلا × ..... لاپرواہی × .....

IV۔ جوڑ لگایئے۔

ٹویٹی بڑا – اونچا تھا۔

امی! میں کب – ہمیشہ نقصان ہوتا ہے۔

گھونسلا بہت – مضبوط بن جاؤ۔

پہلے تم – اڑوں گا۔

جلد بازی کرنے سے – شرارتی تھا۔

V۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

1۔ ٹویٹی کہاں رہتا تھا ؟

(الف) گھونسلے میں (ب) زمین پر

2۔ ٹویٹی کیا کرنا چاہتا تھا ؟

(الف) اڑنا (ب) سونا

3۔ ٹویٹی نیچے کیوں گر گیا ؟

(الف) وہ ابھی اُڑنا نہیں جانتا تھا۔ (ب) وہ تھک گیا تھا۔

4۔ ٹویٹی کو کس نے بچایا ؟

(الف) وسیم (ب) بلّی

5۔ اس کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟

(الف) جلد بازی سے نقصان ہوتا ہے۔ (ب) کھیلنا اچھا لگتا ہے۔

VI۔ عبارت فہمی

مرغ ایک گھریلو پرندہ ہے۔ وہ صبح سویرے بانگ دیتا ہے۔ مرغ کے سر پر کلغی ہوتی ہے۔ وہ دانے اور چھوٹے کیڑے کھاتا ہے۔ مرغ ہمیں صبح کو جگانے میں مدد کرتا ہے۔

سوالات :

1۔ مرغ کیسا پرندہ ہے ؟

جواب : .....

2۔ مرغ کب بانگ دیتا ہے ؟

جواب : .....

3۔ مرغ کے سر پر کیا ہوتا ہے ؟

جواب : .....

4۔ مرغ کیا کھاتا ہے ؟

جواب : .....

5۔ مرغ ہماری کیسے مدد کرتا ہے ؟

جواب : .....

VII۔ حروف کو ترتیب دے کر صحیح لفظ لکھیں۔

(پرندہ ، کبوتر ، سفید ، چڑیا)

1۔ ا ی ڑ چ .....

2۔ د ی ف س .....

3۔ ر ت و ب ک .....

4۔ ہ د ن ر پ .....

VIII ۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

(کک کک ، دانہ ، انڈے ، زمین)

1۔ ..... پر چلتی ہے۔

2۔ ..... کھاتی ہے۔

3۔ ..... دیتی ہے

4۔ ..... کرتی ہے

IX۔ میں پڑھوں گا، لکھوں گا۔

ماں	باغ	نام	چڑیا	مضبوط	گھونسلہ	شرارتی

تصویر چھڑا کر رنگ بھریئے۔



آیئے اُردو سیکھیں!

ایک حرف + ایک حرف + تین حروف : پانچ حرفی سہ حرکی الفاظ

ہجے کرنے کا طریقہ : پہلے حرف کو الگ ادا کریں۔اس کے بعد کے ایک حرف کو الگ ادا کریں۔ پھر آخری تین حروف الگ ادا کریں۔ آخر میں تینوں اجزاء کو ملا کر پانچ حروف والے لفظ کو تین حرکتوں میں مکمل پڑھیں۔

ک ل مات	م ت ضاد	ع رفات	رم ضان	م ل بار	ب رکات	ص د قات
کلمات	متضاد	عرفات	رمضان	ملبار	برکات	صدقات
ش ہ داء	خ ل فاء	غ ر باء	ط ل باء	ش ع راء	ش ر کاء	ف ق راء
شہداء	خلفاء	غرباء	طلباء	شعراء	شرکاء	فقراء

تین حرفی + تین حرفی : چھ حرفی دو حرکی الفاظ

ہجے کرنے کا طریقہ : پہلے تین حروف کو الگ ادا کریں۔اس کے بعد کے تین حروف کو الگ ادا کریں۔ آخر میں دونوں اجزاء کو ملا کر چھ حروف والے لفظ کو دو حرکتوں میں مکمل پڑھیں۔

خان دان	پان دان	شان دار	جان باز	کان پور	آس تان	آس مان
خاندان	پاندان	شاندار	جانباز	کانپور	آستان	آسمان
مال دار	آب شار	راز دار	کار ساز	بادشاہ	جھار کھنڈ	درد ناک
مالدار	آبشار	رازدار	کارساز	بادشاہ	جھارکھنڈ	دردناک

آیئے لکھیں۔

عرفات	رمضان	طلباء	خاندان	شاندار	آسمان	بادشاہ

دوحرفی + دو حرفی + دوحرفی = چھ حرفی تین حرکی الفاظ

ہجے کرنے کا طریقہ : پہلے دوحروف کو الگ ادا کریں۔اس کے بعد کے دوحروف کو الگ ادا کریں۔اس کے بعد آخری دوحروف کو الگ ادا کریں۔ آخر میں تینوں اجزاء کو ملا کر چھ حروف والے لفظ کو تین حرکتوں میں مکمل پڑھیں۔

یاد رکھئے۔ آ ایک حرف نہیں، بلکہ ا + ا = یعنی دوحروف سے بنا ہوا لفظ ہے۔

آزادی	آسانی	آبادی	چالاکی	ناراضی	شاباشی	ناکامی
آزادی	آسانی	آبادی	چالاکی	ناراضی	شاباشی	ناکامی
باراتی	جاپانی	مایوسی	جاسوسی	قانونی	مزدوری	مع مولی
باراتی	جاپانی	مایوسی	جاسوسی	قانونی	مزدوری	معمولی
مج موعی	من ظوری	تن دوری	روحانی	نورانی	طوفانی	یو نا نی
مجموعی	منظوری	تندوری	روحانی	نورانی	طوفانی	یونانی
خربوزہ	مح مودہ	من صوبہ	سن جی دہ	فہ می دہ	شرمی لا	ام ری کہ
خربوزہ	محمودہ	منصوبہ	سنجیدہ	فہمیدہ	شرمیلا	امریکہ

آیئے لکھیں۔

آزادی	ناراضی	معمولی	منظوری	طوفانی	محمودہ	امریکہ
آزادی	ناراضی	معمولی	منظوری	طوفانی	محمودہ	امریکہ

7. سردی نظم



سردی دھوم مچاتی آئی
کپڑے گرم پہناتی آئی
چلتی ہوائیں فر فر فر فر
کانپتے ہیں سب تھر تھر تھر تھر
چھپ جاتا ہے سورج جلدی
لگتی ہے اس کو بھی سردی
اوس لگی باغوں میں پڑنے
سیر کو جائے کون اکڑنے
کمرے کے بند سب ہیں رستے
پھر بھی کڑ کڑ دانت ہیں بجتے
ہا ہا ہا ہا! ہی ہی ہی ہی!
ہو ہو ہو ہو! سی سی سی سی!
ہائے ری سردی، ہائے ری سردی
سارے بدن میں برف سی بھر دی

(ماخوذ)







I۔ الفاظ کے معنی اور اشارے۔

اوس = سردی　　سیر = گھومنا

بدن = جسم　　جلدی = تیزی

II۔ واحد کی جمع چن کر لکھئے۔

(سارے ، دانتوں ، رستے ، کمرے ، باغات ، کپڑے)

کپڑا + ...　　باغ + ...

کمرہ + ...　　رستہ + ...

دانت + ...　　سارا + ...

III۔ ان اشعار کو مناسب لفظوں سے مکمل کیجئے۔

سردی ..... مچاتی آئی　　کپڑے..... پہناتی آئی

.....

چلتی..... فر فر فر فر　　..... ہیں سب تھر تھر تھر تھر

.....

چھپ جاتا ہے.....جلدی　　لگتی ہے اس کو بھی.....

.....

IV۔ نظم ’’ سردی ‘‘ سے اپنے پسندیدہ الفاظ چن کر لکھیں۔

1 _____　　6 _____

2 _____　　7 _____

3 _____　　8 _____

4 _____　　9 _____

5 _____　　10 _____

V۔ الفاظ کو الگ الگ کر کے لکھئے۔

1۔ سردی ....

2۔ کپڑے ....

3۔ سورج ....

4۔ برف ....

5۔ دانت ....

VI۔ حروف کو ملا کر لکھئے۔

1۔ گ ر م .....

2۔ ہ و ا .....

3۔ ک م ر ہ .....

4۔ ب ا غ .....

5۔ د ا ن ت .....

VII۔ آوازیں نکالئے۔

فر فر فر فر ہی ہی ہی ہی

تھر تھر تھر تھر ہو ہو ہو ہو

ہا ہا ہا ہا سی سی سی سی

VIII۔ جانوروں کی آوازیں نکالئے۔



IX۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

1۔ سردی میں لوگ کیا پہنتے ہیں؟

(ا) ہلکے کپڑے (ب) گرم کپڑے (ج) بارش والے کپڑے

2۔ ہوائیں کیسی چلتی ہیں؟

(ا) آہستہ آہستہ (ب) فرفرفر (ج) بالکل نہیں

X۔ صحیح اور غلط کی نشان دہی کیجئے۔

1۔ سردی میں لوگ تھرتھر کانپتے ہیں۔ ( )

2۔ سورج وقت پر نکلتا ہے۔ ( )

3۔ ہوا فرفر نہیں چلتی۔ ( )

4۔ لوگ گرمی میں کمبل اوڑھتے ہیں۔ ( )

XI۔ نیچے دو حرفی، تین حرفی، چار حرفی، الفاظ دئے گئے ہیں، انہیں الگ کر کے لکھئے۔

سردی ہی گرم سہارے بدن سو

رستے میں فر کپڑے ہوا دانت

تین حرفی الفاظ

چار حرفی الفاظ

دو حرفی الفاظ

تدریسی سفر

1۔ نظم میں سے چند اشعار پڑھیے۔

- سردی دھوم مچاتی آئی
  چلتی ہوائیں فرفر فرفر
- کپڑے گرم پہناتی آئی
  کانپتے ہیں سب تھر تھر تھر

بار بار دوہرانے سے نئے الفاظ کو پڑھنے میں آسانی ہوگی۔

2۔ تخلیق کا وقت



- سردی کے موسم سے متعلق معلومات حاصل کرنا۔
- یہ جاننا کہ سردی میں ہم کونسے کپڑے پہنتے ہیں؟
- نظم سردی کو ترنم کے ساتھ پڑھنا۔

اس طرح کرنے سے بولنے کی صلاحیت پیدا ہوگی۔

میں نے جو سیکھا



1۔ نظم سے نئے الفاظ کو سمجھنا ☐

2۔ ہم آواز الفاظ کی شناخت کرنا ☐

3۔ نظم کے الفاظ کو ترنم کے ساتھ پڑھنا ☐

اب تک جو سیکھا ہے، ان پر ✓ نشان لگائیے۔ اس کے مطابق تاروں میں رنگ بھریئے۔

8. ہماری ریاست - ٹمل ناڈو

ہماری ریاست ٹمل ناڈو ہے۔ یہ ہندوستان کے جنوبی حصے میں واقع ہے۔ اس کے شمال میں آندھرا پردیش، جنوب میں بحر ہند، مشرق میں خلیج بنگال، مغرب میں کرناٹکا اور کیرلا واقع ہیں۔

یہاں کی ریاستی زبان ٹمل ہے۔ ٹمل زبان دنیا کی قدیم ترین زبانوں میں سے ہے۔

تمل ناڈو کے شمالی علاقوں میں اُردو زبان بھی بولی اور پڑھی جاتی ہے۔ ہماری مادری زبان اُردو ہے۔

ہم اُردو کے ساتھ ساتھ

ٹمل زبان بھی سیکھ رہے ہیں۔



ٹمل ناڈو کا دارالحکومت چنّئی ہے۔

ٹمل ناڈو کی اہم ندی کاویری ہے۔

یہاں کا اہم پیشہ زراعت ہے۔

ٹمل ناڈو کی اہم غذا دوسا، اڈلی اور سام بار ہیں۔

ٹمل ناڈو کے مشہور ٹمل شاعر ترولّور اور سبرامنیہ بھارتی ہیں۔

ٹمل ناڈو کا مشہور رقص بھرت ناٹیم ہے۔

ٹمل ناڈو میں ہندو، مسلمان، سکھ اور عیسائی آپس میں بھائی بھائی کی طرح مل جل کر ایک ساتھ رہتے ہیں۔ یہاں رمضان، پونگل، کرسمس جیسے تہوار منائے جاتے ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ ہم تمام مذہب والوں کا احترام کریں اور عید کے موقع پر انہیں بریانی، مٹھائیاں اور تحفے پیش کریں۔

I۔ مناسب ترین جواب منتخب کیجئے۔

1۔ ٹمل ناڈو کہاں واقع ہے؟

(a) شمالی ہندوستان (b) جنوبی ہندوستان (c) مغربی ہندوستان

2۔ ٹمل ناڈو کی زبان ..... ہے۔

(a) ہندی (b) ٹمل (c) کنڑا

3۔ ٹمل ناڈو کا اہم تہوار ..... ہے۔

(a) پونگل (b) ہولی (c) دیوالی

II۔ جوڑ ملایئے۔

الف	ب
ٹمل ناڈو	بھرت ناٹیم
زبان	زراعت
پیشہ	ٹمل
رقص	چنّئی

III۔ غیر متعلقہ لفظ پر دائرہ لگایئے اور لکھئے۔

1۔ دوسا اڈلی سامبر کرکٹ

غیر متعلقہ الفاظ : .....

2۔ کتاب ٹمل چنّئی زراعت

غیر متعلقہ الفاظ : .....

3۔ کرسی رمضان پونگل کرسمس

غیر متعلقہ الفاظ : .....

IV۔ الفاظ کی درجہ بندی کیجئے۔

ٹمل ناڈو کی اہم ندی کاویری ہے۔ یہاں کا اہم پیشہ زراعت ہے۔



V۔ صحیح یا غلط کی نشان دہی کیجئے۔

1۔ ٹمل ناڈو شمالی ہندوستان میں واقع ہے۔ ( )

2۔ ٹمل ناڈو کا دارالحکومت چنئی ہے۔ ( )

3۔ ٹمل ناڈو میں ہر مذہب کے لوگ رہتے ہیں۔ ( )

4۔ ٹمل ناڈو کا اہم پیشہ زراعت ہے۔ ( )

5۔ دوسا اور اڈلی یہاں کے مشہور کھانے نہیں ہیں۔ ( )

آیئے لکھیں۔

ہندوستان	ٹمل ناڈو	چنّئی	ریاست	رمضان	پونگل	زراعت

آیئے اُردو سیکھیں!

دوحرفی + دو حرفی + دوحرفی = چھ حرفی تین حرکی الفاظ

بے داری	بےزاری	مع یاری	ای مانی	ترکاری	شہزادی	بی ماری
بیداری	بیزاری	معیاری	ایمانی	ترکاری	شہزادی	بیماری
ماہانہ	سالانہ	گل دس تہ	شے طانی	کل ہاڑی	لم بائی	چوڑائی
ماہانہ	سالانہ	گلدستہ	شیطانی	کلہاڑی	لمبائی	چوڑائی

تشدید والے الفاظ

نق قارہ	سچ چائی	رب بانی	اچھ چھائی	تی یاری	مک کاری	لف فاظی
نقارہ	سچائی	ربانی	اچھائی	تیاری	مکاری	لفاظی

دو حرفی + ایک حرفی + تین حرفی = چھ حرفی ، تین حرکی الفاظ

ہجے کرنے کا طریقہ : پہلے دو حروف کو الگ ادا کریں۔ اس کے بعد کے ایک حرف کو الگ ادا کریں۔ اس کے بعد آخری تین حروف کو الگ ادا کریں۔ آخر میں تینوں اجزاء کو ملا کر چھ حروف والے لفظ کو تین حرکتوں میں مکمل پڑھیں۔

مس ت طیل	اج ت ماع	ان ت ظام	اع ت بار	ان ت قال	ان ق لاب	اع ت دال
مستطیل	اجتماع	انتظام	اعتبار	انتقال	انقلاب	اعتدال

آیئے لکھیں۔

گلدستہ	بیزاری	اچھائی	ترکاری	کلہاڑی	نقارہ	ماہانہ
گلدستہ	بیزاری	اچھائی	ترکاری	کلہاڑی	نقارہ	ماہانہ

اع ت کاف	اخ ت یار	ان ب یاء	سر ف راز	ات ت حاد	ات ت باع	اط ط لاع
اعتکاف	اختیار	انبیاء	سرفراز	اتحاد	اتباع	اطلاع
کا ر واں	نو ج واں	عو رتیں	جان شیں	حا ل تیں	صن ع تیں	من ن تیں
کارواں	نوجواں	عورتیں	جانشین	حالتیں	صنعتیں	منتیں

ایک حرفی + دو حرفی + تین حرفی = چھ حرفی، تین حرکی الفاظ

ہجے کرنے کا طریقہ : پہلے حرف کو الگ ادا کریں۔ اس کے بعد کے دو حروف کو الگ ادا کریں۔ اس کے بعد آخری تین حروف کو الگ ادا کریں۔ آخر میں تینوں اجزاء کو ملا کر چھ حروف والے لفظ کو تین حرکتوں میں مکمل پڑھیں۔

پ رے شان	م سل مان	ج مع رات	ز بر دست	ت را ویح	خ وا تین	م ضا مین
پریشان	مسلمان	جمعرات	زبردست	تراویح	خواتین	مضامین
س وا لات	ج وا بات	م نا جات	خ را فات	پ رے شان	ک مالات	ن با تات
سوالات	جوابات	مناجات	خرافات	پریشان	کمالات	نباتات
خ طر ناک	خ بر دار	خ لا باز	خ طا کار	م دد گار	ک رامات	خ طا کار
خطرناک	خبردار	خلاباز	خطاکار	مددگار	کرامات	خطاکار
ع لا مات	ب یا نات	م لا قات	م سا وات	م کا نات	خ یا لات	م دا وات
علامات	بیانات	ملاقات	مساوات	مکانات	خیالات	مداوات

آیئے لکھیں۔

1۔ تخلیق کا وقت



- میں اپنی ریاست تمل ناڈو سے متعلق چند جملے کہہ سکتا/سکتی ہوں۔
- تمل ناڈو کے تہواروں سے متعلق طلباء کے ساتھ تبادلہ خیال کروں گا / کروں گی۔

تصویر چھڑا کر اپنے ساتھیوں کو اس سے معلومات بتانا ہوگا۔

2۔ اس تصویر سے متعلق دو جملے لکھئے۔



- .....
- .....

میں نے جو سیکھا



1۔ متن کو پڑھ سکتا/سکتی ہوں۔ ☆☆☆ ☐

2۔ الفاظ کے معنی کی پہچان کر سکتا/سکتی ہوں۔ ☆☆☆ ☐

3۔ جو کچھ پڑھا ہے اس سے متعلق جواب دے سکتا/سکتی ہوں۔ ☆☆☆ ☐

جو بھی سیکھی ہوئی صلاحیت ہے، اس پر ✓ نشان لگائیے، جتنا سیکھا ہے، اس کے مطابق رنگ بھریئے۔

تصویر چھڑا کر رنگ بھروں گا۔



میں پڑھ سکتا/سکتی ہوں۔

دلوں کے سہارے ہمارے نبیؐ

ہدایت کا رستہ دکھایا ہمیں

خدا سے ہماری یہی ہے دُعا

مولانا آزاد مکہ شہر میں پیدا ہوئے۔

ہمیں ہندوستان سے بہت محبت ہے۔

ہم اپنے وطن سے محبت کرتے ہیں۔

ہم اپنے ہاتھوں سے کام کرتے ہیں۔

ہم اپنے پیروں سے چلتے ہیں۔

والدین کا حکم مانو۔

استاد کی عزت کرو۔

ہم سب آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

ہمیشہ سچ بولو۔

سورج ایک ستارہ ہے۔

سورج آگ کا گولہ ہے۔

قدرت کا وہ تحفہ ہے۔

چڑیا ایک پرندہ ہے۔

چڑیا کا گھونسلہ

سارے بدن میں برف سی بھر دی

ہماری ریاست ٹمل ناڈو ہے۔

ہماری مادری زبان اُردو ہے۔

ہم عید مناتے ہیں۔



مسلسل کتنے جملے پڑھ سکتا ہوں۔ دوستوں کے ساتھ مقابلہ کیجئے۔

Standard 3 - Urdu Reader - Term - 2

Textbook Development Team

Co-ordinator
Dr. T. Jayagandhi,
Senior Lecturer,
SCERT, Chennai-06

Subject Expert
Dr. Kaleemullah K.H.,
Principal i/c and Head,
Department of Urdu,
Mazharul Uloom College (Autonomous),
Ambur, Tirupattur District.

Reviewer
Syed Masood Ahmed,
Urdu Munshi,
Osmania Higher Secondary School,
Tirupattur.

Authors
Mohamed Jaweed Akram
P.G. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

H. Abrarul Haq
Urdu Munshi
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

Taj Mohammed
SGT, PUPS Urdu, Puthagaram,
Tirupattur District.

P. K. Nazia Nikhath.
SGT, Haji Essa Abba Sait APS,
Chennai - 1.

Art and Design Team
M. Amalraj,
Layout Co-ordinator
B.T. Assistant, SCERT, Chennai.

Urdu Layout and design
TAJ Printers, Vaniyambadi.

Wrapper Design
Kathir Arumugam

This book has been printed on 80 G.S.M.
Elegant Maplitho paper.
Printed by offset at: